حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے آخری وعدہ جو مجھ سے لیا' وہ یہ تھا: جب تُو لوگوں کی امامت کروائے تو ان کو مختصر نماز پڑھانا۔

8258- ورواه أحمد جلد 4 صفحه 218,217,216,22,21' ومسلم رقم الحديث: 468' وأبو داؤد رقم الحديث: 527' والنسائی جلد 2 صفحه 23' وابن ماجه رقم الحديث: 988,987 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَمَمْتَ قَوْمًا فَخَفِّفْ بِهِمُ الصَّلَاةَ

مُوسَى بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُثْمَانَ

موسیٰ بن طلحہ بن عبید اللہ' حضرت عثمان سے روایت کرتے ہیں

8260- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُوسَى بْنَ طَلْحَةَ، يَذْكُرُ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ أَخْبَرَهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُثْمَانُ أُمَّ قَوْمَكَ مَنْ أَمَّ قَوْمًا فَلْيُخَفِّفْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ، وَإِنَّ فِيهِمُ الْمَرِيضَ، وَإِنَّ فِيهِمْ ذَا الْحَاجَةِ

حضرت موسیٰ بن طلحہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عثمان! تُو اپنی قوم کی امامت کروا' جو لوگوں کی امامت کروائے تو مختصر کروائے کیونکہ باجماعت نماز پڑھتے وقت لوگوں میں کمزور' مریض اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

نافع بن جبیر بن مطعم' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8261- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ السُّلَمِيُّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جبیر بن مطعم' حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں تھے' حضرت عثمان کہتے ہیں: مجھے ایسی تکلیف تھی جو ہلاک کر دینے والی تھی' حضور ﷺ نے فرمایا: اپنا دایاں ہاتھ اس پر سات مرتبہ پھیر اور پڑھ:

8261- ورواه مالك جلد 2صفحه229' وأحمد جلد 4صفحه217' ومسلم رقم الحديث: 2202' وأبو داؤد رقم الحديث: 3873' والترمذی رقم الحديث: 2162' والحاكم جلد 1صفحه343' والفسوی فی المعرفة والتاريخ جلد1صفحه364' وابن أبی شيبة جلد2صفحه55 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -قَالَ عُثْمَانُ: وَبِي وَجَعٌ قَدْ كَادَ يُهْلِكُنِي -فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: امْسَحْهُ بِيَمِينِكَ سَبْعَ مِرَارٍ، وَقُلْ: أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ قَالَ: فَفَعَلْتُ ذَلِكَ فَأَذْهَبَ اللّٰهُ مَا كَانَ بِي فَلَمْ أَزَلْ آمُرُ بِهِ أَهْلِي وَغَيْرَهُمْ

''اعوذ بعزة اللّٰه وقدرته من شر ما اجد'' فرمایا: میں نے ایسے ہی کیا تو اللہ مجھ سے وہ تکلیف لے گیا' میں اپنے گھر والوں اور دیگر لوگوں کو اس کو پڑھنے کا حکم دیتا ہوں۔

8262- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِي وَجَعٌ، فَقَالَ: اجْعَلْ يَدَكَ الْيُمْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ، سَبْعَ مَرَّاتٍ فَفَعَلْتُ فَكَفَانِي اللّٰهُ، عَزَّ وَجَلَّ

حضرت نافع بن جبیر' حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آیا' اس حال میں کہ مجھے ایسی تکلیف تھی جو ہلاک کر دینے والی تھی' حضور ﷺ نے فرمایا: اپنا دایاں ہاتھ اس پر رکھ اور پڑھ: ''اعوذ بعزة اللّٰه وقدرته من شر ما اجد'' سات بار فرمایا: میں نے ایسے ہی کیا تو اللہ مجھ سے وہ تکلیف لے گیا' میں اپنے گھر والوں اور دیگر لوگوں کو اس کو پڑھنے کا حکم دیتا ہوں۔

8263- حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ أَبِي فَرْوَةَ وَهُوَ إِسْحَاقُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عُثْمَانَ، أَنَّهُ: شَكَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَمًا فَقَالَ: أَيُّكُمْ وَجَدَ أَلَمًا فَلْيَضَعْ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَيْهِ وَلْيَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ،

حضرت نافع بن جبیر' حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کی خدمت میں شکایت کی: مجھے ایسی تکلیف ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جو بھی درد پائے' وہ اپنا دایاں ہاتھ اس پر رکھے اور تین بار اللہ کا نام لے پھر پڑھے: ''اعوذ بعزة اللّٰه وقدرته من شر ما اجد'' سات بار۔

نافع بن جبیر عن عثمان

وَلْيَقُلْ: أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ سَبْعَ مَرَّاتٍ

8264- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطْرَانِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ السُّلَمِيِّ، أَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ أَخَذَهُ وَجَعٌ وَكَادَ يُبْطِلُهُ، فَذَكَرَ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَزَعَمَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَعْ يَمِينَكَ عَلَى الْمَكَانِ الَّذِي تَشْتَكِي، فَامْسَحْ بِهَا سَبْعَ مَرَّاتٍ وَقُلْ: أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ فِي كُلِّ مَسْحَةٍ

حضرت نافع بن جبیر روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آئے جبکہ ان کو ایسی تکلیف تھی جو ہلاک کر دینے والی تھی انہوں نے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں اس کا ذکر کیا ان کا گمان ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنا دایاں ہاتھ اس پر سات مرتبہ رکھ اور ہر بار پھیرنے کے ساتھ پڑھ: ''اعوذ بعزة اللّٰه وقدرته من شر ما اجد فی کل مسحةٍ'' پڑھنے کا حکم دیتا ہوں۔

يَزِيدُ بْنُ الْحَكَمِ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

یزید بن حکم بن ابوالعاص' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8265- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثنا أَبِي، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا اور سانپ کا ذکر کیا کہ جو اس کو بدلہ لینے کی وجہ سے چھوڑ دے تو اس کا تعلق مجھ سے نہیں۔

8265- ورواه البزار جلد2صفحه105 (زوائد البزار)' قال فی المجمع جلد4صفحه46' وفيه عبد الرحمن بن اسحاق أبو شيبة الواسطی وهو ضعيف .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْحَيَّاتِ: مَنْ خَشِيَ ثَأْرَهُنَّ فَلَيْسَ مِنِّي

8266- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثنا أَبِي، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدِ اسْتَجَنَّ بِجُنَّةٍ حَصِينَةٍ مِنَ النَّارِ: رَجُلٌ سَلَفَ بَيْنَ يَدَيْهِ ثَلَاثَةٌ مِنْ صُلْبِهِ فِي الْإِسْلَامِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے لیے بے شک جہنم کی آگ سے مضبوط ڈھال بن جائیں گے جس کے تین بچے اسلام میں فوت ہوئے۔

8267- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا فَرْوَةُ بْنُ أَبِي الْمُغِرِّ، أَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَدَّتِ الرِّيحُ الشَّمَالُ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أَرْسَلْتَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت تھی کہ جب ہوا سخت ہوتی تو آپ یہ دعا کرتے تھے: ''اے اللہ! میں اس شی سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو تُو نے بھیجی ہے''۔

8266- ورواه البزار (86 زوائد البزار)' لابن حجر وأبو يعلى (جلد 1 صفحه35 المطالب العالية المسندة) قال في المجمع جلد 3 صفحه6' وفيه عبد الرحمن بن اسحاق أبو شيبة وهو ضعيف . ورواه الفسوى في المعرفة والتاريخ جلد 1 صفحه273 .

8267- ورواه البزار (جلد 2 صفحه295 زوائد البزار)' قال في المجمع جلد 10 صفحه135' وفيه عبد الرحمن بن اسحاق أبو شيبة وهو ضعيف .

عُثْمَانُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

عثمان بن بشر' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8268- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، يَقُولُ: شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسْيَانَ الْقُرْآنِ، فَضَرَبَ صَدْرِي بِيَدِهِ فَقَالَ: يَا شَيْطَانُ اخْرُجْ مِنْ صَدْرِ عُثْمَانَ قَالَ عُثْمَانُ: فَمَا نَسِيتُ مِنْهُ شَيْئًا بَعْدُ أَحْبَبْتُ أَنْ أَذْكُرَهُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے قرآن بھول جانے کی شکایت کی' آپ نے اپنا دست مبارک میرے سینے پر مارا' فرمایا: اے شیطان! عثمان کے سینہ سے نکل جا! حضرت عثمان فرماتے ہیں: اس کے بعد میں جو شی یاد کرنا پسند کرتا تھا اس سے کوئی شی نہیں بھولا ہوں۔

عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

عبدربہ بن حکم بن سفیان طائفی' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8269- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِفِيِّ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ رَبِّهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ الثَّقَفِيِّ، وَكَانَ النَّبِيُّ

حضرت عثمان بن ابوالعاص ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے طائف میں عامل مقرر کیا' آخری وعدہ جو آپ نے لیا تھا' وہ یہ تھا کہ تُو لوگوں کی امامت کرواتے وقت مختصر نماز پڑھایا کرو۔

عثمان بن بشر عن عثمان' عبدربه بن الحكم عن عثمان بن ابی العاص

8268- ونسبه السيوطي في الخصائص جلد 2صفحه146 الى البيهقي أيضًا بهذا اللفظ . وهو عند أبي نعيم في الدلائل صفحه400 مطولًا . قال في المجمع جلد9صفحه3' وفيه عثمان بن بشر ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

8269- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3717 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَهُ عَلَى الطَّائِفِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ شَيْءٍ عَهِدَهُ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ خَفِّفْ عَلَى النَّاسِ الصَّلَاةَ

8270- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ عُثْمَانَ الْبُرِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَبْدِ رَبِّهِ ابْنَيِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْ أَخِفَّ بِالنَّاسِ الصَّلَاةَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے جو آخری وعدہ لیا وہ یہ تھا کہ لوگوں کو مختصر نماز پڑھانا۔

النُّعْمَانُ بْنُ سَالِمٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

نعمان بن سالم ثقفی، حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8271- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا إِسْرَائِيلُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا أَوْصَانِي بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّكَ تَؤُمُّ قَوْمًا وَخَلْفَكَ الْكَبِيرُ وَالضَّعِيفُ وَذُو الْحَاجَةِ فَتَجَوَّزْ فِي الصَّلَاةِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے جو آخری وصیت کی تھی وہ یہ تھی: تمہیں لوگوں کی امامت کروانی ہے، تیرے پیچھے بزرگ، کمزور، ضرورت مند لوگ ہوتے ہیں، تو نماز مختصر کروانا۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثنا حَفْصُ بْنُ جُمَيْعٍ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ،

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

دَاوُدُ بْنُ أَبِي عَاصِمٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ

داؤد بن ابوعاصم ثقفی' حضرت عثمان سے روایت کرتے ہیں

8272- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، أَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي عَاصِمٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: آخِرُ كَلَامٍ كَلَّمَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذِ اسْتَعْمَلَنِي عَلَى الطَّائِفِ، قَالَ: خَفِّفِ الصَّلَاةَ عَلَى النَّاسِ حَتَّى وَقَّتَ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، وَاقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ وَأَشْبَاهَهَا مِنَ الْقُرْآنِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے طائف پر عامل مقرر کیا گیا' آخری بات جو مجھ سے حضور ﷺ نے کی تھی' وہ یہ تھی: لوگوں کو مختصر نماز پڑھاؤ یہاں تک کہ آپ نے مقرر کیا کہ سبح اسم ربک الاعلیٰ اور اقرأ باسم ربک الذی خلق اور اس جیسی سورتیں پڑھتی ہیں۔

8273- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھ سے جس وقت الوداع کیا' یہ بات

يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي عَاصِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ آخِرَ مَا فَارَقَهُ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَفِّفِ الصَّلَاةَ عَلَى النَّاسِ

فرمائی: لوگوں کو نماز مختصر پڑھانا۔

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيَاضٍ، عَنْ عُثْمَانَ

محمد بن عبداللہ بن عیاض، حضرت عثمان سے روایت کرتے ہیں

8274- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ الدَّلَّالُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ السَّائِبِ الطَّائِفِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيَاضٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُ أَنْ يَجْعَلَ مَسْجِدَ الطَّائِفِ حَيْثُ كَانَتْ طَاغِيَتُهُمْ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے طائف میں مسجد بنانے کا حکم دیا، جس جگہ انہوں نے سرکشی کی تھی۔

حَكِيمُ بْنُ حَكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

حکیم بن حکیم بن عباد بن حنیف، حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8275- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ

حضرت عثمان بن ابوالعاص فرماتے ہیں کہ میں قبیلہ بنوثقیف کے وفد میں آیا جس وقت وہ وفد لے کر رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، پس ہم نے

8274- ورواه أبو داؤد رقم الحديث: 446، وابن ماجه رقم الحديث: 743 . ومحمد بن عبد الله بن عياض ذكره ابن حبان في الثقات جلد3صفحه239، ولا اعتداد بتوثيقه ولذا قال الحافظ في التقريب مقبول .

8275- قال في المجمع جلد9صفحه371، ورجاله رجال الصحيح غير حكيم بن حكيم بن عباد وقد وثق .

حَكِيمِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَدِمْتُ فِي وَفْدِ ثَقِيفٍ حِينَ وَفَدُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَبِسْنَا حُلَلَنَا بِبَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: مَنْ يُمْسِكُ لَنَا رَوَاحِلَنَا، وَكُلُّ الْقَوْمِ أَحَبَّ الدُّخُولَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَرِهَ التَّخَلُّفَ عَنْهُ، قَالَ عُثْمَانُ: وَكُنْتُ أَصْغَرَ الْقَوْمِ، فَقُلْتُ: إِنْ شِئْتُمْ أَمْسَكْتُ لَكُمْ عَلَى أَنَّ عَلَيْكُمْ عَهْدَ اللّٰهِ لَتُمْسِكُنَّ لِي إِذَا خَرَجْتُمْ، قَالُوا: فَذَلِكَ لَكَ، فَدَخَلُوا عَلَيْهِ ثُمَّ خَرَجُوا فَقَالُوا: انْطَلَقْ بِنَا، قُلْتُ: أَيْنَ؟ فَقَالُوا: إِلَى أَهْلِكَ، فَقُلْتُ: ضَرَبْتُ مِنْ أَهْلِي حَتَّى إِذَا حَلَلْتُ بِبَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْجِعُ وَلَا أَدْخُلُ عَلَيْهِ، وَقَدْ أَعْطَيْتُمُونِي مِنَ الْعَهْدِ مَا قَدْ عَلِمْتُمْ؟ قَالُوا: فَأَعْجِلْ فَإِنَّا قَدْ كَفَيْنَاكَ الْمَسْأَلَةَ، لَمْ نَدَعْ شَيْئًا إِلَّا سَأَلْنَاهُ عَنْهُ، فَدَخَلْتُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُفَقِّهَنِي فِي الدِّينِ وَيُعَلِّمَنِي، قَالَ: مَاذَا قُلْتَ؟ فَأَعَدْتُ عَلَيْهِ الْقَوْلَ، فَقَالَ: لَقَدْ سَأَلْتَنِي شَيْئًا مَا سَأَلَنِي عَنْهُ أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِكَ، اذْهَبْ فَأَنْتَ أَمِيرٌ عَلَيْهِمْ وَعَلَى مَنْ تَقْدُمُ عَلَيْهِ مِنْ قَوْمِكَ، وَأُمَّ النَّاسَ بِأَضْعَفِهِمْ فَخَرَجْتُ حَتَّى قَدِمْتُ عَلَيْهِ مَرَّةً أُخْرَى فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اشْتَكَيْتُ بَعْدَكَ،

''بابِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' کے پاس اپنے لباس بدلے تو اُنہوں نے کہا: ہماری سواریوں کو کون روکے گا (اور حفاظت کرے گا) قوم کا ہر آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کو بیتاب تھا اور پیچھے رہنا پسند نہیں کر رہا تھا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں (اس وقت) ان سب سے چھوٹا تھا۔ میں نے کہا: اگر تم چاہو تو میں تمہارے لیے روکوں' اس شرط پر کہ تم پر اللہ کا وعدہ ہے جو تم نکالو گے جب نکلنا۔ اُنہوں نے کہا: وہ تجھے مل جائے گا۔ پس وہ آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے' پھر نکلے تو کہا: ہمیں لے چل! میں نے کہا: کہاں؟ انہوں نے کہا: اپنے گھر والوں کی طرف! میں نے کہا: میں نے اپنے گھر والوں کو چھوڑ کر (اتنا لمبا) سفر کیا یہاں تک کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دروازے پر اُترا اور اب میں ان کے پاس حاضری دیئے بغیر واپس لوٹ جاؤں' کیا تم نے میرے ساتھ وہ وعدہ پورا کیا جو تمہیں معلوم ہے؟ اُنہوں نے کہا: جلدی کرنا! ہم نے تیرا سوال بھی پوچھ لیا ہے' ہم نے کوئی چیز نہیں چھوڑی' سب کچھ پوچھ لیا ہے۔ پس میں حاضر ہوا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ میرے حق میں دعا کریں کہ وہ مجھے دین میں سمجھ بوجھ عطا فرمائے اور مجھے علم عطا کرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نے کیا کہا؟ میں نے دوبارہ وہی بات کہی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نے مجھ سے وہ سوال کیا ہے جو تیرے دوستوں میں سے کسی نے نہیں کیا ہے' جا! تُو ان پر امیر ہے اور اس پر بھی جو تیری قوم میں سے آئے' لوگوں کی امامت کروانا' ان

فَقَالَ: ضَعْ يَدَكَ الْيُمْنَى عَلَى الْمَكَانِ الَّذِي تَشْتَكِي، وَقُلْ: أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ سَبْعَ مَرَّاتٍ فَفَعَلْتُ فَشَفَانِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

میں سے کمزور ترین کے مطابق۔ پس میں نکلا یہاں تک کہ دوسری بار آپ ﷺ کی خدمت میں آیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کے پاس سے جانے کے بعد مجھے (درد کی) شکایت ہوگئی' آپ ﷺ نے فرمایا: کہہ ''اعوذ بعزة اللّٰه وقدرته من شر ما اجد'' سات بار۔ پس میں نے ایسے ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء دی۔

مُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

مطرف بن عبداللہ بن شخیر' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8276- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ عَهْدٍ عَهِدَهُ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ بَعَثَنِي أَمِيرًا عَلَى الطَّائِفِ، فَقَالَ لِي: اقْدِرِ النَّاسَ بِأَضْعَفِهِمْ فَإِنَّ فِيهِمُ السَّقِيمَ، وَالْكَبِيرَ، وَالصَّغِيرَ، وَذَا الْحَاجَةِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھ سے آخری وعدہ لیا' جب مجھے طائف میں امیر مقرر کیا' مجھے فرمایا: نماز پڑھاتے وقت قرأت مختصر کرنا کیونکہ ان نمازیوں میں بیمار' بزرگ' چھوٹے بچے اور ضرورت مند بھی ہوں گے۔

8277- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، سَمِعَهُ مِنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، سَمِعَهُ مِنْ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تُو لوگوں کو امامت کروائے تو قرأت مختصر کرنا کیونکہ ان نمازیوں میں بزرگ' کمزور اور

8276- رواه الحميدی رقم الحديث: 905 .

مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُمَّ قَوْمَكَ، وَاقْدِرْهُمْ بِأَضْعَفِهِمْ فَإِنَّ فِيهِمُ الْكَبِيرَ، وَالضَّعِيفَ، وَذَا الْحَاجَةِ

ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

8278- حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، أَنَّ مُطَرِّفًا مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ الثَّقَفِيَّ دَعَا لَهُ بِلَبَنٍ لِيَسْقِيَهُ، فَقَالَ مُطَرِّفٌ: إِنِّي صَائِمٌ، قَالَ عُثْمَانُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ كَجُنَّةِ أَحَدِكُمْ مِنَ الْقِتَالِ

حضرت مطرف بن عامر بن صعصعہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے مجھے پلانے کے لیے دودھ منگوایا' حضرت مطرف فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں' حضرت عثمان نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: روزہ جہنم سے ڈھال ہے جس طرح تم میں سے کوئی لڑائی کے وقت ڈھال بناتا ہے۔

8279- وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صِيَامٌ حَسَنٌ صِيَامُ

فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہر ماہ میں تین روزے رکھنا بہتر ہے۔

مطرف بن عبد الله بن الشخير عن عثمان بن ابی العاص

8278- ورواه أحمد جلد 4صفحه 217,22,21' والنسائی جلد 4صفحه 167' وابن ماجه رقم الحديث: 1639' وابن حبان رقم الحديث: 931' وابن خزيمة رقم الحديث: 2125 .

8279- رواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد3صفحه4-5 .

ثَلاثَةِ أَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

8280- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ كَجُنَّةِ أَحَدِكُمْ مِنَ الْقِتَالِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: روزہ ڈھال ہے جس طرح تم میں سے کوئی لڑائی کے وقت ڈھال بناتا ہے۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

8281- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَبِي الْعَلاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صِيَامٌ حَسَنٌ صِيَامُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر ماہ تین روزے رکھنا اچھا ہے۔

8282- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، اجْعَلْنِي إِمَامَ قَوْمِي، قَالَ: أَنْتَ إِمَامُهُمْ، وَاقْتَدِ بِأَضْعَفِهِمْ، وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَأْخُذُ عَلَى أَذَانِهِ أَجْرًا

حضرت مطرف فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے میری قوم کا امام مقرر کریں' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو ان کا امام ہے' قرأت مختصر اکرنا اور مؤذن بنانا جو اپنی اذان کی اُجرت نہ لے۔

يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ

یزید بن عبداللہ بن شخیر' حضرت عثمان سے روایت کرتے ہیں

8283- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، حَالَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ صَلَاتِي وَقِرَاءَتِي، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَاكَ الشَّيْطَانُ يُقَالُ لَهُ: خَنْزَبٌ، فَإِذَا حَسَسْتَهُ فَتَعَوَّذْ بِاللَّهِ مِنَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! شیطان میری نماز اور قرأت کے درمیان حائل ہو جاتا ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: یہ شیطان ہے اس کا نام خنزب ہے' جب تُو کا اس کا وسوسہ محسوس کرے تو اللہ سے شیطان مردود کی پناہ مانگنا اور اپنی بائیں جانب تھوکنا۔

8282- ورواه أحمد جلد4صفحه217' وأبو داؤد رقم الحديث: 527' والنسائي جلد2صفحه23' والبغوي في شرح السنة رقم الحديث: 417' واسناده صحيح على شرط مسلم .

8283- ورواه أحمد جلد4صفحه216' ومسلم رقم الحديث: 2203' وأبو نعيم في دلائل النبوة صفحه400' رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2582 .

الشَّيْطَانِ وَاتْفُلْ عَنْ يَسَارِكَ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ الْقَاضِي، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، مِثْلَهُ، لَمْ يُجَاوِزِ الثَّوْرِيُّ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ فِي حَدِيثِهِمَا يَزِيدَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، وَزَادَ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ فِي إِسْنَادِهِ مُطَرِّفًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔ حضرت امام ثوری اور عبدالواحد بن زیاد نے اپنی حدیثوں میں یزید بن شخیر سے تجاوز نہیں کیا لیکن حضرت حماد بن سلمہ نے اپنی سند میں مطرف کو زیادہ کیا ہے۔

8284- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّهُ: شَكَى إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَسْوَسَةَ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ: ذَاكَ شَيْطَانٌ يُقَالُ لَهُ: خَنْزَبٌ، فَإِذَا وَجَدَ أَحَدُكُمْ مِنْهُ شَيْئًا فَلْيَتْفُلْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثًا وَلْيَتَعَوَّذْ بِاللَّهِ مِنْهُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نماز میں وسوسہ کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ شیطان ہے جس کا نام خنزب ہے، جب تم میں سے کوئی نماز میں وسوسہ پائے تو اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور اللہ سے اس کی پناہ مانگے۔

8285- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، وَامْرَأَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ: أَنَّهُمَا سَمِعَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي وَخَطَئِي وَعَمْدِي

حضرت ابوالعلاء، حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ اور قریش کی ایک عورت سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا: ''اللھم اغفرلی ذنوبی وخطئی وعمدی''۔

8286- وَقَالَ الْآخَرُ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَهْدِيكَ لِأَرْشَدِ أَمْرِي، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي

دوسرے نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دعا کرتے ہوئے سنا: ''اللّٰھم انی استھدیك الٰی آخرہٖ''۔

8287- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى الْعَطَّارُ، ثنا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، ثنا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَارِبَهَا وَبَائِعَهَا يَعْنِي الْخَمْرَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے شراب پینے اور فوخت کرنے والے پر لعنت فرمائی۔

كِلَابُ بْنُ أُمَيَّةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

کلاب بن امیہ' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8288- حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبُو الْجُمَاهِرِ، ثنا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ كِلَابِ بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّهُ: لَقِيَ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَقَالَ: اسْتُعْمِلْتُ عَلَى عُشْرِ الْأُبُلَّةِ، فَقَالَ عُثْمَانُ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ يَدْنُو مِنْ خَلْقِهِ فَيَغْفِرُ لِمَنِ اسْتَغْفَرَ إِلَّا لِبَغِيٍّ بِفَرْجِهَا، أَوْ لِعَشَّارٍ

حضرت کلاب بن امیہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے ملے' آپ نے فرمایا: تم کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: مجھے جزیہ والے اونٹوں پر عامل مقرر کیا ہے؟ حضرت عثمان نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل کی رحمت اپنی مخلوق کے قریب ہوتی ہے' جو بخشش مانگتا ہے اس کو بخش دیا جاتا ہے سوائے زانیہ' زانی اور ناجائز ٹیکس لینے والے کو۔

8286- ورواه أحمد جلد4صفحه217,21 الا أنه قال وامرأة من قيس قال فی المجمع جلد10 صفحه177' ورجالهما رجال الصحيح .

8287- قال فی المجمع جلد5صفحه73' وفيه عبد الله بن موسى العطار ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات .

الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

حسن بن ابوالحسن، حضرت عثمان بن ابوالحسن سے روایت کرتے ہیں

8289- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّ وَفْدَ ثَقِيفٍ لَمَّا قَدِمُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْزَلَهُمُ الْمَسْجِدَ لِيَكُونَ أَرَقَّ لِقُلُوبِهِمْ، فَاشْتَرَطُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا يُحْشَرُوا، وَلَا يُعْشَرُوا، وَلَا يُجَبُّوا، وَلَا يُسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ مِنْ غَيْرِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا خَيْرَ فِي دِينٍ لَيْسَ فِيهِ رُكُوعٌ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف کا وفد حضور ﷺ کے پاس آیا' ان کو مسجد میں ٹھہرایا گیا' تا کہ ان تمام کے دل نرم ہوں' اُنہوں نے حضور ﷺ پر شرط لگائی کہ ان سے ٹیکس نہیں لیں گے' ان سے عشر نہ لیں گے' ان کے ختنے نہ کیے جائیں گے اور ان پر ان کے غیر کو عامل نہیں بنائیں گے' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس دین میں کوئی خیر نہیں ہے جس میں رکوع (جھکنا) نہ ہو۔

8290- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، وَأَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، وَدرانُ بْنُ سُفْيَانَ الْقَطَّانُ، قَالُوا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی رحمت ہر رات آسمانِ دنیا کی طرف اُترتی ہے اور آواز دیتی ہے: ہے کوئی دعا مانگنے والا کہ اس کی دعا قبول کی جائے' ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ اس کو بخش دیا جائے۔

8289- ورواه أحمد جلد 4صفحه218' وأبو داؤد رقم الحديث: 3010' واختلف فی سماع الحسن من عثمان كما قال المنذری .

8290- ورواه ابن خزيمة فی كتاب التوحيد صفحه135 .

سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَنْزِلُ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فِي كُلِّ لَيْلَةٍ فَيَقُولُ: هَلْ مِنْ دَاعٍ فَأَسْتَجِيبَ لَهُ؟ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَأَغْفِرَ لَهُ

حضرت حسن روایت فرماتے ہیں کہ زیاد نے کلاب بن امیہ لیثی کو قبیلہ اُبلّہ (بصرہ کے قریب ایک علاقہ ہے) پر عامل مقرر کیا' پس حضرت عثمان بن ابوالعاص ان کے پاس سے گزرے تو فرمایا: اے ابوہارون! اس جگہ تجھے کس چیز نے بٹھا رکھا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: اس نے مجھے اُبلّہ (بصرہ کے قریب ایک علاقہ ہے) پر (عامل بنا کر) بھیجا ہے۔ انہوں نے فرمایا: کیا میں تجھے ایک حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی' آپ فرما رہے تھے کہ اللہ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام رات کی کسی گھڑی میں اپنے گھر والوں کو فرمایا کرتے تھے: اے داؤد کی آل! اُٹھو اور نماز پڑھو کیونکہ یہ وہ گھڑی ہے' جس میں دعا قبول ہوتی ہے مگر جادوگر اور ٹیکس لینے والے کی قبول نہیں ہوتی۔ وہ اسی جگہ کشتی پر سوار ہوئے پھر زیاد کے پاس واپس آ کر ان کا استعفیٰ دے دیا۔

8291- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ زِيَادًا، اسْتَعْمَلَ كِلَابَ بْنَ أُمَيَّةَ اللَّيْثِيَّ عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَمَرَّ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ: يَا أَبَا هَارُونَ، مَا يُجْلِسُكَ هُنَا؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي هَذَا عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَقَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكَ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ دَاوُدَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لِأَهْلِهِ فِي سَاعَةٍ مِنَ اللَّيْلِ: يَا آلَ دَاوُدَ قُومُوا فَصَلُّوا فَإِنَّ هَذِهِ سَاعَةٌ يُسْتَجَابُ فِيهَا الدُّعَاءُ إِلَّا لِسَاحِرٍ، أَوْ عَشَّارٍ فَرَكِبَ سَفِينَةً مَكَانَهُ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى زِيَادٍ فَاسْتَعْفَاهُ

الحسن بن ابی الحسن عن عثمان بن ابی العاص

8291- ورواه أحمد جلد4صفحه218,22' قال فی المجمع جلد3صفحه88' ورجال أحمد رجال الصحيح الا أن فيه علی بن زيد وفيه كلام وقد وثق وقال جلد10صفحه153 رواه أحمد والبزار بنحوه . ورواه الطبرانی بنحو لفظ أحمد ورجالهما رجال الصحيح غير علی بن زيد وقد وثق وفيه ضعف . وقال المنذری فی الترغيب جلد2صفحه125' واسناد أحمد فيه علی بن زيد وبقية رواته محتج بهم فی الصحيح وخاتلف فی سماع الحسن من عثمان . ورواه فی الأوسط (121 مجمع البحرين) قال فی المجمع جلد10صفحه153' ورجاله رجال الصحيح .

8292- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرٍ، اسْتَعْمَلَ كِلَابَ بْنَ أُمَيَّةَ عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَمَرَّ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ لَهُ: مَا شَأْنُكَ؟ فَقَالَ: اسْتُعْمِلْتُ عَلَى الْأُبُلَّةِ، فَقَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ فِي اللَّيْلِ سَاعَةً يُفْتَحُ فِيهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ فَيَقُولُ: هَلْ مِنْ سَائِلٍ أُعْطِيَهُ؟ هَلْ مِنْ دَاعٍ فَأَسْتَجِيبَ لَهُ؟ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَأَغْفِرَ لَهُ؟

حضرت عبداللہ بن عمار فرماتے ہیں کہ حضرت کلاب بن امیہ کو اُبلّہ کا عامل مقرر کیا گیا' ان کے پاس سے حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ گزرے' آپ نے فرمایا: کیا بات ہے کہ تم یہاں بیٹھے ہو؟ حضرت کلاب نے عرض کی: مجھے اُبلّہ پر مقرر کیا گیا ہے۔ فرمایا: کیا میں تجھے ایک حدیث سناؤں! اُنہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! اُنہوں نے کہا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آپ فرما رہے تھے: رات میں ایک گھڑی ایسی ہوتی ہے جس میں آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں' اللہ فرماتا ہے: ہے کوئی سوال کرنے والا کہ میں اسے عطا کروں! ہے کوئی دعا کرنے والا کہ میں قبول کروں! ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ میں اسے بخش دوں۔

8293- قَالَ: وَإِنَّ دَاوُدَ خَرَجَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَقَالَ: لَا يَسْأَلُ اللّٰهَ اللَّيْلَةَ أَحَدٌ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِلَّا سَاحِرٌ، أَوْ عَشَّارٌ فَرَكِبَ فِي قُرْقُورٍ فَأَتَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرٍ فَقَالَ: اقْبَلْ عَمَلَكَ فَإِنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ حَدَّثَنِي كَذَا وَكَذَا

فرمایا: حضرت داؤد ایک رات نکلے' فرمایا: رات کو جو کوئی اللہ سے مانگتا ہے اس کو دیا جاتا ہے سوائے جادوگر اور ناجائز ٹیکس لینے والے کے۔ وہ لمبی کشتی میں سوار ہو کر عبداللہ بن عامر کے پاس آئے اور کہا: اپنا کام سنبھال! کیونکہ حضرت عثمان بن ابوالعاص نے مجھے اس طرح کی حدیث سنائی ہے۔

8294- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ مِمَّا عَهِدَ إِلَيَّ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ اذان پڑھنے کی اُجرت نہ لینا۔

8294- رواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد1 صفحه228 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا آخُذَ عَلَى الْأَذَانِ أَجْرًا

8295- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ صَلِّ بِأَصْحَابِكَ صَلَاةَ أَضْعَفِهِمْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الْكَبِيرَ وَالضَّعِيفَ وَذَا الْحَاجَةِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھ سے جو آخری وعدہ لیا وہ یہ تھا: تو اپنے ساتھیوں کو نماز مختصراً پڑھانا کیونکہ ان میں کمزور، بزرگ اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

8296- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ، قَالَا: ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ آخِرُ مَا عَهِدَ إِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلِّ بِأَصْحَابِكَ صَلَاةَ أَضْعَفِهِمْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الْكَبِيرَ، وَالضَّعِيفَ، وَذَا الْحَاجَةِ، وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَأْخُذُ عَلَى الْأَذَانِ أَجْرًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مجھ سے آخری وعدہ لیا، فرمایا: اپنے دوستوں کو نماز پڑھا ایسی جو کمزور لوگوں والی ہو کیونکہ ان میں بوڑھے، کمزور اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں اور مؤذن بنا جو اذان پر اُجرت نہ لے۔

8297- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ أَبِي كَرِيمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا جس وقت مجھے قبیلہ ثقیف کی طرف بھیجا: اے عثمان! نماز مختصر کروانا کیونکہ نماز میں کمزور، ضرورت مند اور حاملہ عورتیں اور دودھ پلانے والی بھی ہوتی ہیں، میں بھی بچہ کے رونے کی وجہ سے نماز مختصر

8295- رواه الحميدی رقم الحديث: 906 مختصرًا .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ بَعَثَنِي إِلَى ثَقِيفٍ: تَجَوَّزْ فِي الصَّلَاةِ يَا عُثْمَانُ، وَاقْدِرِ النَّاسَ بِأَضْعَفِهِمْ فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ، وَذَا الْحَاجَةِ، وَالْحَامِلَ وَالْمُرْضِعَ، إِنِّي لَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَأَتَجَوَّزُ

کرتا ہوں۔

8298- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: إِنَّ آخِرَ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّيْتَ بِأَصْحَابِكَ فَصَلِّ بِهِمْ صَلَاةَ أَضْعَفِهِمْ فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ، وَالْمَرِيضَ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جو آخری وعدہ مجھ سے لیا وہ یہ تھا کہ جب تُو اپنے ساتھیوں کو نماز پڑھائے تو نماز مختصر پڑھانا کیونکہ ان میں کمزور اور مریض بھی ہوتے ہیں۔

8299- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَرِيزٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: دُعِيَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ إِلَى خِتَانٍ فَأَبَى أَنْ يُجِيبَ، فَقِيلَ لَهُ: فَقَالَ: إِنَّا كُنَّا لَا نَأْتِي الْخِتَانَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا يُدْعَى إِلَيْهِ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کو ختنوں کی دعوت کے لیے بلایا گیا تو آپ نے قبول کرنے سے انکار کر دیا' فرمایا: ہم حضور ﷺ کے زمانہ میں ختنوں والے کے پاس آتے تھے نہ اس کی دعوت دیتے تھے۔

8300- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کو کھانے کی دعوت دی گئی' آپ سے

8299- ورواه أحمد جلد 4صفحه217' وفيه محمد بن اسحاق وهو مدلس' وعند أحمد عن عبيد الله أو عبد الله ابن طلحة .

8300- قال في المجمع جلد4صفحه60 فيه أبو حمزة العطار وثقه أبو حاتم وضعفه غيره .

الحسن بن ابی الحسن عن عثمان بن ابی العاص

الْـمَازِنِيُّ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الْعَطَّارِ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: دُعِـيَ عُثْـمَـانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ إِلَى طَعَامٍ فَقِيلَ: هَـلْ تَـدْرِي مَا هَذَا؟ هَذَا خِتَانُ جَارِيَةٍ، فَقَالَ: هَذَا شَيْءٌ مَا كُنَّا نَرَاهُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَ

عرض کی گئی: آپ جانتے ہیں کہ یہ کیا ہے؟ یہ بچوں کے ختنے کیے گئے ہیں' آپ نے فرمایا: یہ ایسی شی ہے کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں نہیں دیکھی' آپ نے کھانے سے انکار کر دیا۔

8301- حَـدَّثَـنَـا مُـحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَـنْـدَهَ الْأَصْبَهَـانِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا إِسْحَاقُ بْـنُ سُـلَيْـمَـانَ، عَـنْ عَنْبَسَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَـنِ الْـحَسَـنِ، عَـنْ عُثْـمَـانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: وُقِّتَ لِلنُّفَسَاءِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نفاس کی مدت دس دن مقرر کی گئی ہے۔

8302- حَـدَّثَـنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَـنْبَـلٍ، ثـنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَـلِيٍّ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: وُقِّتَ لِلنُّفَسَاءِ أَرْبَعُونَ يَوْمًا

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نفاس کی مدت دس دن مقرر کی گئی ہے۔

8303- حَـدَّثَـنَـا مُـحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْـوَلِيـدِ الـنَّـرْسِـيُّ، ثـنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا عَبْدُ الـلّٰـهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْـوَهَّـابِ الثَّـقَـفِـيُّ، ثـنـا عَنْبَسَةُ الْغَنَوِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَـقُولُ اللّٰهُ جَلَّ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: ایک نیکی کا ثواب دس نیکیوں کے برابر ہے سوائے روزے کے کہ روزہ میرے لیے ہے' میں خود اس کی جزاء دوں گا۔

8301- قال فی المجمع جلد1 صفحه 281' وفيه اسماعيل بن مسلم المكى وهو ضعيف .

8302- حبان بن على وأشعث بن سوار ضعيفان .

8303- له شواهد .

ذِكْرُهُ: مَنْ عَمِلَ حَسَنَةً فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا، إِلَّا الصَّوْمُ فَإِنَّهُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ

8304- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الصَّوْمُ جُنَّةٌ يَسْتَجِنُّ بِهَا الْعَبْدُ مِنَ النَّارِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: روزہ ڈھال ہے' بندہ اس کے ذریعے جہنم سے ڈھال حاصل کرے گا۔

8305- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ الْقَاضِي، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عِيسَى الْخَزَّازُ، ثنا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، أَنَّ مَوْلًى لِعُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ سَأَلَهُ أَنْ يُعْطِيَهُ مَالًا يَتَّجِرُ فِيهِ وَالرِّبْحُ بَيْنَهُمَا، فَأَعْطَاهُ عِشْرِينَ أَلْفَ دِرْهَمٍ فَاشْتَرَى بِهِ خَمْرًا، ثُمَّ قَدِمَ بِهِ الْأُبُلَّةَ فَخَرَجَ إِلَيْهِ عُثْمَانُ فَلَمْ يَدَعْ مِنْهَا دَنًّا وَلَا غَيْرَهُ إِلَّا كَسَرَهُ، قَالَ عُثْمَانُ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ الْخَمْرَ، وَشَارِبَهَا، وَمُشْتَرِيَهَا، وَبَائِعَهَا، وَعَاصِرَهَا، وَحَامِلَهَا

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کے غلام نے آپ سے تجارت کے لیے مال مانگا اور نفع ان دونوں کے درمیان برابر برابر۔ آپ نے بیس ہزار درہم دیئے' آپ نے اس سے شراب خریدی' پھر اُبلّہ کی منڈی لے کر گئے' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اس کی طرف گئے' آپ نے سب شراب والے برتن توڑ دیئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شراب پینے اور خریدنے اور فروخت کرنے والے اور نچوڑنے اور اُٹھانے والے پر لعنت فرمائی۔

مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ

محمد بن سیرین' حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کرتے ہیں

8306- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے

8305- قال فی المجمع جلد 4صفحہ90' رواہ الطبرانی فی الأوسط (168 مجمع البحرین)' والکبیر وفیہ عبد اللہ

حَنْبَلٍ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، ثنا هَارُونُ الْأَهْوَازِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ

ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم انی اعوذ بك الی آخرہ''۔

8307- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا أَشْعَثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ، أَنَّهُ: كَانَ يَسْتَحِبُّ الصَّوْمَ فِي السَّفَرِ، وَيَقُولُ: إِنَّهَا كَانَتْ رُخْصَةً

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم سفر میں روزہ رکھنا پسند کرتے ہیں اور کہتے تھے۔ نہ رکھنے کی رخصت ہے۔

8308- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سفر میں روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے۔

ابن عیسی الخراز وهو ضعيف .

8307- قال فی المجمع جلد3صفحه162' وفيه أحمد بن عبد الله بن الحسن العنبری ولم أجد من ترجمه . قلت: واشعث ضعيف .

8308- ورواه فی الأوسط (136 مجمع البحرين)' قال فی المجمع جلد3صفحه162' ورجاله ثقات . قلت: ابن لهيعة ضعيف . ورواه الطبرانی فی الأوسط (121 مجمع البحرين)' وقال: لم يروه عن هشام الا داؤد' به عبد الرحمن . قال شيخنا فی الصحيحة جلد 3صفحه62' وهو ثقة من شيوخ مسلم' ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين' وابراهيم شيخ الطبرانی هو ابن هاشم أبو اسحاق البيع البغوی' وهو ثقة' فالاسناد صحيح . لكن وقع لشيخنا سهو' وهو انكاره وجود الحديث فی المعجم الكبير وهو فيه .

أَبِي الْعَاصِ، قَالَ: الْإِفْطَارُ فِي السَّفَرِ رُخْصَةٌ

8309- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ الثَّقَفِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُفْتَحُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ نِصْفَ اللَّيْلِ فَيُنَادِي مُنَادٍ: هَلْ مِنْ دَاعٍ فَيُسْتَجَابَ لَهُ؟ هَلْ مِنْ سَائِلٍ فَيُعْطَى؟ هَلْ مِنْ مَكْرُوبٍ فَيُفَرَّجَ عَنْهُ؟، فَلَا يَبْقَى مُسْلِمٌ يَدْعُو بِدَعْوَةٍ إِلَّا اسْتَجَابَ اللَّهُ لَهُ إِلَّا زَانِيَةٌ تَسْعَى بِفَرْجِهَا أَوْ عَشَّارٌ

حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدھی رات کو آسمان کے رحمت کے دروازے کھولے جاتے ہیں' ایک اعلان کرنے والا اعلان کرتا ہے: ہے کوئی دعا کرنے والا کہ اس کی دعا قبول کی جائے' ہے کوئی مانگنے والا کہ اس کو عطا کیا جائے' ہے کوئی مشکل میں پھنسا ہوا کہ اس کی تکلیف دور کی جائے' جو کوئی مسلمان دعا کرتا ہے تو اللہ اس کی دعا قبول کرتا ہے سوائے زانیہ اور ناجائز ٹیکس لینے والے کے۔

ما اسند عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ أَبُو نَضْرَةَ الْمُنْذِرُ بْنُ مَالِكٍ أَبُو نَضْرَةَ الْمُنْذِرُ

حضرت عثمان بن ابوالعاص کی روایت کردہ احادیث' ابونضر المنذر بن مالک ابونضرہ المنذر سے

8310- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْخُزَاعِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، قَالَ: أَتَيْنَا عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ يَوْمَ

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں: جمعہ کے دن ہم حضرت عثمان بن ابوالعاص کے پاس آئے تاکہ ہم اپنے مصحف کو ان کے مصحف پر پیش کر کے اس کے مطابق کریں' پس جب نماز کا وقت ہوا تو انہوں نے ہمیں حکم دیا' ہم غسل کر

8310- ورواه أحمد جلد 4صفحة216-217' قال فی المجمع جلد 7صفحه342' وفی علی بن زید وفیه ضعف وقد وثق وبقیة رجالهما رجال الصحیح .

جُمُعَةٍ لِنَعْرِضَ عَلَى مُصْحَفِهِ مُصْحَفًا لَنَا، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ أَمَرَنَا فَاغْتَسَلْنَا، فَأَتَيْنَا الْمَسْجِدَ فَجَلَسْنَا إِلَى شَيْخٍ يُحَدِّثُ، فَلَمَّا جَاءَ عُثْمَانُ تَحَوَّلْنَا إِلَيْهِ، فَقَالَ عُثْمَانُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِلْمُسْلِمِينَ ثَلَاثَةُ أَمْصَارٍ: مِصْرٌ مُلْتَقَى الْبَحْرَيْنِ، وَمِصْرٌ بِالْحِيرَةِ، وَمِصْرٌ بِالشَّامِ، فَيَفْزَعُ الْمُسْلِمُونَ ثَلَاثَةَ فَزَعَاتٍ، فَيَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِي أَعْرَاضِ جَيْشٍ فَيَهْزِمُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، فَأَوَّلُ مِصْرٍ يَرِدُ الْمِصْرُ الَّذِي بِمُلْتَقَى الْبَحْرَيْنِ وَمَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفًا عَلَيْهِمْ سِيجَانٌ وَأَكْثَرُ، تَبِعَهُ الْيَهُودُ وَالنِّسَاءُ، فَيَتَفَرَّقُ أَهْلُهُ ثَلَاثُ فِرَقٍ: فِرْقَةٌ تُقِيمُ تَقُولُ نَشَامَهُ فَيَنْظُرُ مَا هَذَا هُوَ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْأَعْرَابِ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْمِصْرِ الَّذِي يَلِيهِمْ، ثُمَّ يَأْتِي الشَّامَ فَيَلْتَجِئُ أَهْلُهُ إِلَى عَقَبَةِ أَفِيقٍ، فَيَبْعَثُونَ سَرْحًا لَهُمْ فَيُصَابُ سَرْحُهُمْ فَيَشْتَدُّ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ، وَتُصِيبُهُمْ مَجَاعَةٌ شَدِيدَةٌ وَجَهْدٌ حَتَّى إِنَّ أَحَدَهُمْ لَيَحْرِقُ وَتَرَ قَوْسِهِ فَيَأْكُلُهُ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ نَادَى مُنَادٍ مِنَ السَّحَرِ: أَيُّهَا النَّاسُ أَتَاكُمُ الْغَوْثُ، فَيَقُولُونَ: هَذَا صَوْتُ رَجُلٍ شَبْعَانَ، وَيَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ صَلَاةَ الْفَجْرِ، فَيَقُولُ لَهُ النَّاسُ: يَا رُوحَ اللّٰهِ تَقَدَّمْ فَصَلِّ بِنَا، فَيَقُولُ: إِنَّكُمْ مَعَاشِرُ

کے مسجد میں آئے۔ پس ہم ایک بزرگ کے پاس بیٹھ گئے جو حدیثیں بیان کر رہا تھا (یا گفتگو کر رہا تھا)' جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے تو ہم ان کی طرف ہو گئے' پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے تھے: مسلمانوں کے تین شہر ہیں: (۱) دو سمندر ملنے کی جگہ ایک شہر (۲) حیرہ کے مقام پر (۳) شام میں۔ پس مسلمانوں کو تین گھبراہٹیں آئیں گی' پس دجال لمبے چوڑے لشکر میں نکلے گا' وہ مشرق کی طرف سے شکست دے گا' سب سے پہلا شہر جس میں وہ اُترے گا دو سمندروں کے ملنے کی جگہ ہے' ان کے ساتھ ستر ہزار کا لشکر ہو گا' ان کے سروں پر چادریں ہوں گی' اکثر اس کی پیروی کرنے والے یہودی اور عورتیں ہوں گی' پس اس کے رہنے والے تین حصوں میں بٹ جائیں گے: (۱) ایک گروہ وہیں مقیم ہو جائے گا' کہے گا: ہم اس سے لڑائی کریں گے' پس وہ دیکھے گا کہ کیا یہ وہ ہے؟ (۲) ایک گروہ دیہاتیوں سے مل جائے گا (شہر چھوڑ دے گا) (۳) ایک گروہ ساتھ والے شہر میں چلا جائے گا' پھر وہ دجال شام میں آئے گا' پس وہ افیق کے پیچھے پناہ لے گا' پس وہ اپنے جانوروں کے لیے اُٹھیں گے اور ان کے جانور مویشی ان کو مصیبت کا شکار کر دیں گے۔ پس یہ چیز ان پر سخت ہو جائے گی' ان کو سخت بھوک لگی ہو گی اور تھکاوٹ کا شکار ہوں گے یہاں تک کہ ان میں سے ایک آدمی اپنی کمان کی تانت جلائے گا اور اسے کھائے گا' وہ اسی حال پر ہوں گے جب ایک نداء دینے والا نداء دے گا'

8514- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ اطَّلَعَ فِي قُلُوبِ الْعِبَادِ فَوَجَدَ قَلْبَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرَ قُلُوبِ الْعِبَادِ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عَاصِمٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے دلوں پر نگاہ ڈالی تو محمد ﷺ کے دل کو تمام لوگوں کے دلوں سے بہتر پایا' اس کے بعد حضرت عاصم کی حدیث جیسی حدیث ذکر کی۔

8515- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، قَالَ: ابْنُ رَجَاءٍ، أَنَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم حضور ﷺ کی بارگاہ میں درود پیش کرو تو اچھا درود پیش کرو کیونکہ تم کو معلوم نہیں ہے کہ درود یقیناً آپ ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے' آپ سے عرض کی: ہمیں سکھائیں! آپ نے فرمایا: پڑھو' اللّٰھم اجعل صلاتك

8515- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 906' واسماعيل القاضي في فضل الصلاة على النبي صلى الله عليه وآله وسلم رقم الحديث: 61' وضعفه الحافظ ابن حجر في فتوى له في عدم مشروعية وصفة صلى الله عليه وآله وسلم بالسيادة في الصلاة عليه صلى الله عليه وآله وسلم.

الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي فَاخِتَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَسِّنُوا الصَّلَاةَ عَلَيْهِ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُونَ لَعَلَّ ذَلِكَ يُعْرَضُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَعَلَّمَنَا، قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى سَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِينَ، وَخَاتَمِ النَّبِيِّينَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُولِ الرَّحْمَةِ، اللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا يَغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ، اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَآلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

الی آخرہ''۔

8516- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلَى سَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ، وَإِمَامِ الْمُتَّقِينَ، وَخَاتَمِ النَّبِيِّينَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، إِمَامِ الْخَيْرِ، وَقَائِدِ الْخَيْرِ، وَرَسُولِ الرَّحْمَةِ، اللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا

حضرت اسود بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس طرح درود آپ کی بارگاہ میں پیش کرتے تھے: ''اللّٰھم اجعل صلواتك الی آخرہ''۔ اور حضرت ابوسلمہ وہ ہیں جن سے امام ثوری نے اس حدیث کو روایت کیا' ان کا نام مسعر بن کدام ہے۔

خطبة ابن مسعود ومن كلامه

8516- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3122,3109' وهو ضعيف لجهالة الراوى عن الأسود . واخطأ شيخنا اجازة فى تعليقه على المصنف بقوله لعله - أبو سلمة - هو المغيرة بن مسلم الخراسانى' ويروى الثورى عن أبى سلمة العاملى أيضًا' لأن الطبرانى بينه بأنه مسعر بن كدام وكنيته أبو سلمة .

مَحْمُودًا يَغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُونَ وَالْآخَرُونَ، اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ وَأَبُو سَلَمَةَ هَذَا الَّذِي رَوَى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ هَذَا الْحَدِيثَ: مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ

بَابٌ

باب

8517- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللّٰهَ غَدًا مُسْلِمًا، فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَذِهِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَإِنَّ اللّٰهَ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَلَعَمْرِي مَا إِخَالُ أَحَدًا مِنْكُمْ إِلَّا قَدِ اتَّخَذَ مِنْ بَيْتِهِ مَسْجِدًا، وَلَوْ أَنَّكُمْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ، أَوْ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے' جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے' اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا' جو آدمی

8517- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 1979' ومسلم رقم الحديث: 654' وأبو داؤد رقم الحديث: 546' والنسائی جلد 2 صفحه108-109' وابن ماجه رقم الحديث: 777 ..

مَعْرُوفٌ نِفَاقُهُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ الرَّجُلَ يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُقَامَ فِي الصَّفِّ، فَمَا مِنْ رَجُلٍ يَتَطَهَّرُ فَيُحْسِنُ الطُّهُورَ فَيَخْطُو خُطْوَةً يَعْمِدُ إِلَى مَسْجِدٍ مِنَ الْمَسَاجِدِ إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِهَا حَسَنَةً وَرَفَعَهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً، حَتَّى إِنْ كُنَّا لَنُقَارِبُ فِي الْخُطَا

اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے' پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے' اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔

8518- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ الْهَجَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ حَكَّامٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللَّهَ عَبْدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَإِنَّ اللَّهَ قَدْ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَلَعَمْرِي لَوْ أَنَّ كُلَّكُمْ صَلَّى فِي بَيْتِهِ كَمَا يُصَلِّي الَّذِي فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ نِفَاقُهُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُدْخَلَ بِهِ فِي الصَّفِّ، وَمَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ يَعْمِدُ إِلَى مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ فَيُصَلِّي فِيهِ فَيَخْطُو خُطْوَةً إِلَّا رَفَعَهُ اللَّهُ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے' جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے' اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا' جو آدمی اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے' پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے' اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے

بِهَا دَرَجَةً، أَوْ حَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً، حَتَّى إِنْ كُنَّا لَنُقَارِبُ الْخُطَا وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ حَجَّاجٍ

یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔ اور یہ الفاظ حجاج کی حدیث کے ہیں۔

8519- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَذِهِ الصَّلَوَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ فِي الْجَمِيعِ، فَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ فَرَضَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّكُمْ لَوْ كُنْتُمْ تُصَلُّونَ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ رَجُلًا يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُجَاءَ بِهِ فَيُقَامَ فِي الصَّفِّ، وَلَقَدْ أَتَى عَلَيْنَا زَمَانٌ وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ نِفَاقُهُ، وَإِنْ كُنَّا لَنُقَارِبُ بَيْنَ الْخُطَا

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا جو آدمی اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔

8520- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ،

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن

ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَلَوْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ أَتَى عَلَيْنَا زَمَانٌ وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهُنَّ إِلَّا مُنَافِقٌ بَيِّنٌ نِفَاقُهُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ الرَّجُلَ يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُقَامَ فِي الصَّفِّ

مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا۔

8521- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْأَحْوَصِ يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَذِهِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللَّهَ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَلَعَمْرِي لَوْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ وَلَقَدْ أَتَى عَلَيْنَا

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی ہم اپنے دور میں صرف مشہور و

زَمَانٌ وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهُنَّ إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ نِفَاقُهُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ الرَّجُلَ يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُقَامَ فِي الصَّفِّ، وَمَا مِنْ رَجُلٍ يَتَطَهَّرُ فَيُحْسِنُ طُهُورَهُ ثُمَّ يَعْمِدُ إِلَى مَسْجِدٍ مِنَ الْمَسَاجِدِ يُصَلِّي فِيهِ فَيَخْطُو خُطْوَةً إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِهَا حَسَنَةً وَرَفَعَهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً، حَتَّى إِنْ كُنَّا لَنُقَارِبُ بَيْنَ الْخُطَا

معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے' اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا' جو آدمی اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے' پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے' اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔

8522- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، قَالَا: ثنا زُهَيْرٌ، ثنا إِبْرَاهِيمُ الْهَجَرِيُّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَلَعَمْرِي لَوْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَلَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ نِفَاقُهُ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے' جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے۔

حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا خَلَّادٌ الصَّفَّارُ،

ایک اور سند سے حضرت ابوالاحوص' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

عَنِ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ

8523- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ الْأَقْمَرِ، يَذْكُرُ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللّٰهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ شَرَعَ لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، فَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَلَوْ أَنَّكُمْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا صَلَّى هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَمَا مِنْ رَجُلٍ تَطَهَّرَ فَيُحْسِنُ الطُّهُورَ ثُمَّ يَعْمِدُ إِلَى مَسْجِدٍ مِنْ هَذِهِ الْمَسَاجِدِ إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا حَسَنَةً، وَرَفَعَهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا سَيِّئَةً، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومُ النِّفَاقِ، وَإِنْ كَانَ الرَّجُلُ يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُقَامَ فِي الصَّفِّ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا۔

8524- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت

يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَإِنِّي لَأَحْسِبُ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَلَهُ مَسْجِدٌ يُصَلِّي فِيهِ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَمَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ ثُمَّ يَمْضِي إِلَى الصَّلَاةِ إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ حَسَنَةً وَرَفَعَهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهَا بِهَا خَطِيئَةً

کرے' جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے' اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا' جو آدمی اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے' پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے' اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔

8525- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، وَإِبْرَاهِيمَ بْنِ مُسْلِمٍ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ حِينَ يُنَادَى بِهِنَّ فَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ الْمَسْعُودِيِّ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے' جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' پھر مسعودی کی حدیث کی طرح حدیث ذکر کی۔

8526- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن

عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ خَالِدٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ حِينَ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللَّهَ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَلِكُلِّ رَجُلٍ مِنْكُمْ مَسْجِدٌ فِي بَيْتِهِ وَلَوْ تَرَكْتُمْ مَسَاجِدَكُمْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ لَضَلَلْتُمْ

مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے' جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی۔

8527- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَلَوْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ عَنْهَا لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ نِفَاقُهُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ الرَّجُلَ مِنَّا يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُقَامَ فِي الصَّفِّ، وَمَا

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے' جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے' اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا' جو آدمی

مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فِي بَيْتِهِ فَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ ثُمَّ يَعْمِدُ إِلَى مَسْجِدٍ فَيَأْتِيهِ فَيَرْفَعُ قَدَمًا وَيَضَعُ قَدَمًا إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ وَرَفَعَ لَهُ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ حَتَّى إِنْ كُنَّا لَنُقَارِبُ بَيْنَ الْخُطَا

اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے' پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے' اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔

8528- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنِ الصَّلَاةِ، إِلَّا مُنَافِقٌ قَدْ عُلِمَ نِفَاقُهُ أَوْ مَرِيضٌ وَإِنْ كَانَ الْمَرِيضُ لَيَمْشِي بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ يَأْتِي الصَّلَاةَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے خود کو اپنے ساتھیوں میں دیکھا' نماز سے صرف معلوم و مشہور منافق ہی پیچھے رہتا تھا یا پھر بیمار' اگرچہ کوئی مریض دو آدمیوں کے درمیان چلتے ہوئے نماز کی طرف آتا۔

8529- وَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَنَا سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى الصَّلَاةُ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي يُؤَذَّنُ فِيهِ

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ہدایت کی سنتیں سکھائیں اور ہدایت کی سنت یہ ہے کہ جس مسجد میں اذان دی جائے تو اس میں نماز پڑھے۔

8530- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنِ الصَّلَاةِ إِلَّا مُنَافِقٌ قَدْ عُلِمَ نِفَاقُهُ، وَإِنْ كَانَ الْمَرِيضُ لَيَمْشِي بَيْنَ رَجُلَيْنِ يَأْتِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مسجد میں نماز نہ پڑھنے والا وہ منافق ہے جس کی منافقت معلوم ہو' مریض بھی دو آدمیوں کے درمیان چل کر نماز کے لیے آتا تھا۔

الصَّلَاةَ

8531- ثُمَّ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَنَا سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى أَنْ يُصَلَّى فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي يُؤَذَّنُ فِيهِ

فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ہدایت کی سنتیں سکھائی اور ہدایت کی سنت یہ ہے کہ جس مسجد میں اذان ہو تو اس میں نماز پڑھے۔

8532- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ فِي الْمَسْجِدِ فَإِنَّهُنَّ مِنْ أَمْرِ الْهُدَى، وَسُنَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مسجد میں پانچ نمازیں پڑھنا ضروری ہیں کیونکہ یہ سنت مؤکدہ ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہے۔

8533- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا دَاهِرُ بْنُ نُوحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْوَلِيدِ الْأَغْضَفُ، قَالَ: سَمِعْتُ كَهْمَسَ بْنَ الْحَسَنِ يُحَدِّثُ، عَنْ هَارُونَ الْأَصَمِّ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللّٰهَ عَبْدًا مُسْلِمًا فَلْيُصَلِّ الصَّلَوَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ فَإِنَّهُنَّ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّهُ لَوْ صَلَّى كُلُّ رَجُلٍ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ هَدْيَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ هَدْيَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ كُنَّا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے، جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں، اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے، اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے، اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی، ہم اپنے دور میں صرف مشہور و

أَظْهُرِنَا مَا تُقَامُ الصَّلَاةُ حَتَّى تُسَوَّى الصُّفُوفُ - أَوْ حِينَ تُسَوَّى صُفُوفُنَا - وَلَمَّا تُقَامُ الصَّلَاةُ الْيَوْمَ ثُمَّ يُنَادِي أَحَدُهُمْ يَا جَارِيَةُ هَلُمِّي وَضُوءً وَحَسَرَ عَنْ ذِرَاعَيْهِ، وَلَقَدْ كُنَّا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا نَتَحَدَّثُ أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا تَوَضَّأَ فِي بَيْتِهِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ لَمْ يَرْفَعْ قَدَمًا إِلَّا رُفِعَ لَهُ بِهَا دَرَجَةٌ وَلَمْ يَقَعْ أُخْرَى إِلَّا حَطَّ اللَّهُ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً، فَكُنَّا نُقَارِبُ الْخُطَا

معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے' اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا' جو آدمی اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے' پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے' اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔

بَابٌ

باب

8534- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، حَدَّثَنِي مُسْلِمٌ الْبَطِينُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ -أَظُنُّهُ، قَالَ: سَنَةً - فَمَا سَمِعْنَاهُ يُحَدِّثُ فِيهَا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَّا أَنَّهُ تَحَدَّثَ يَوْمًا فَجَرَى عَلَى لِسَانِهِ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ فَعَلَتْهُ كُرْبَةٌ حَتَّى رَأَيْتُ الْعَرَقَ يَتَحَدَّرُ عَلَيْهِ، قَالَ: إِنْ شَاءَ اللَّهُ

حضرت مسلم بطین نے مجھے حدیث سنائی کہ حضرت عمرہ بن میمون فرماتے ہیں: میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا' میرا گمان ہے کہ اُنہوں نے کہا: ایک سال! پس ہم نے ان کو نہیں سنا کہ اس میں رسول کریم ﷺ سے حدیث بیان کی ہو مگر ایک دن اُنہوں نے گفتگو کی تو ان کی زبان پر جاری ہوا: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کربت نے ان سے یہ کام کرایا یہاں تک کہ میں نے ان پر پسینے کے قطرے گرتے ہوئے دیکھے۔ فرمایا: اگر

8534- ورواه أحمد رقم الحديث: 4321,3670' وابن ماجه رقم الحديث: 23' والرامهرمزی فی المحدث الفاصل (734) . ورواه أحمد رقم الحديث: 4333,4015 من طريق آخر عن ابن مسعود . ورواه الرامهرمزی (733) من طريق آخر عن ابن مسعود : وانظر ما كتبه المرحوم أحمد محمد شاكر فی تعليقه على المسند رقم: 3670 . ورواه الدارمی فی سننه رقم الحديث: 277,276' والحاكم جلد 1 صفحه 110-111' وصححه على شرط الشيخين ووافقه الذهبی . وكذا رواه جلد 3 صفحه 314' وصححه أيضًا ووافقه الذهبی . والخطيب فی الكفاية صفحه 205' والقاضی عياض فی الالماع صفحه 176-177 .

أَمَّا فَوْقَ ذَا، أَوْ قَرِيبٌ مِنْ ذَا، أَوْ دُونَ ذَا

اللہ نے چاہا' یا اس کے اوپر کوئی بات کہی یا اس کے قریب یا اس سے کم۔

8535- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي الْعُمَيْسِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: كُنْتُ أُجَالِسُ ابْنَ مَسْعُودٍ حَوْلًا لَا يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقْبَلَتْهُ الرِّعْدَةُ، وَيَقُولُ: هَكَذَا أَوْ نَحْوَ هَذَا أَوْ قَرِيبٌ مِنْ هَذَا أَوْ مَا شَاءَ اللّٰهُ

حضرت ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں: پورا سال ہم حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ہم مجلس رہے' وہ ''قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' نہیں کہتے تھے' جب اُنہوں نے کہا: ''قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' تو ان پر کپکپی طاری ہوگئی اور کہنے لگے: اسی طرح یا اس جیسی یا اس کے قریب یا جو اللہ نے چاہا۔

8536- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ كِسَاءٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحَلَّابُ، ثنا يَحْيَى بْنُ السَّكَنِ، ثنا شُعْبَةُ، ثنا عُتْبَةُ أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَأْتِي عَلَيْهِ السَّنَةَ لَا يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَدَّثَ يَوْمًا وَنَحْنُ عِنْدَهُ، فَقَالَ: نَحْوَ هَذَا أَوْ قَرِيبٌ مِنْ هَذَا

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں: پورا سال وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آتے رہے تو وہ ''عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' کہہ کر حدیث بیان نہ کرتے۔ پس ایک دن انہوں نے حدیث بیان کی' اس حال میں کہ ہم ان کے پاس تھے تو اُنہوں نے (عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہہ کر) اس جیسی یا اس کے قریب۔

8537- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، ثنا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ الْعَنْبَرِيُّ، عَنْ شَبَّةَ بْنِ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ سَنَةً، فَلَمْ أَسْمَعْهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت عمرو بن میمون فرماتے ہیں: میں نے پورا سال حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھنے کی سعادت حاصل کی' لیکن حدیث بیان کرتے ہوئے میں نے ان سے ''عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' کے الفاظ نہیں سنے۔ پس ایک دن اُنہوں نے کہا: ''قال

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ يَوْمًا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ تَغَيَّرَ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَحْوَ هَذَا، أَوْ فَوْقَ هَذَا، أَوْ دُونَ هَذَا

رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم ''پھران کے چہرے کا رنگ بدل گیا' پھر ساتھ ہی کہا: اس جیسا یا اس کے اوپر یا اس سے کچھ کم۔

8538- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَوْثَرَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُقْرِءُ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ الْبَطِينِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، قَالَ: صَحِبْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَهْرًا، فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا حَدِيثًا وَاحِدًا فَعَرِقَ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا أَوْ نَحْوَ هَذَا أَوْ شَبِيهَ هَذَا

حضرت عمرو بن میمون فرماتے ہیں کہ میں نے آٹھ ماہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے صحبت کی' حدیث بیان کرتے ہوئے میں نے ان سے ''عن رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم ''نہیں سنا مگر ایک حدیث میں۔(جب کہا تو) انہیں پسینہ آ گیا' پھر کہا: یہ یا اس جیسا یا اس کے مشابہ۔

8539- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَوْنٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، قَالَ: مَا أَخْطَأَنِي عَشِيَّةَ خَمِيسٍ إِلَّا آتِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ فِيهَا، فَمَا سَمِعْتُهُ بِشَيْءٍ قَطُّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتَّى إِذَا كَانَ ذَاتَ عَشِيَّةٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ نَكَسَ فَرَفَعَ رَأْسَهُ، فَرَأَيْتُهُ مَحْلُولَ أَزْرَارِ قَمِيصِهِ، قَدِ انْتَفَخَتْ أَوْدَاجُهُ، وَاغْرَوْرَقَتْ عَيْنَاهُ، فَقَالَ:

حضرت عمرو بن میمون فرماتے ہیں: میں ہر جمعرات کو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آتا' میں نے کبھی ان کو 'سمعتُ رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم '' کہتے ہوئے نہیں سنا یہاں تک کہ ایک شام آئی' آپ نے کہا: ''قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم ''پھر سر جھکا لیا' پھر سر اُٹھایا۔ پس میں نے دیکھا کہ ان کی قمیص کے بٹن کھلے ہوئے تھے' آپ کی رگیں پھول گئیں اور ان کی آنکھوں میں آنسوؤں کا سیلاب اُمڈ آیا۔ پس فرمایا: یا اسکے اوپر یا اس سے کچھ کم یا اس کے قریب یا اس کے مشابہ۔

أَوْ فَوْقَ ذَلِكَ، أَوْ دُونَ ذَلِكَ، أَوْ قَرِيبٌ مِنْ ذَلِكَ، أَوْ شِبْهُ ذَلِكَ

8540- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ تَغَيَّرَ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَحْوًا مِنْ ذَا أَوْ قَرِيبًا مِنْ ذَا

حضرت ابوعبدالرحمٰن سلمی سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے (ایک بار) کہا: ''قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' پھران کے چہرے کا رنگ بدل گیا' پھر فرمایا: اس جیسا یا اس کے قریب۔

8541- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ حَدَّثَ يَوْمًا بِحَدِيثٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: نَحْوَ ذَلِكَ، أَوْ شَبِيهَ، فَمَا رُئِيَ يُحَدِّثُ بَعْدَ هَذَا الْحَدِيثِ بَعْدُ

حضرت زر' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے ایک دن نبی کریم ﷺ سے حدیث بیان کی تو فرمایا: اس جیسی یا اس کے مشابہ۔ پس بعد میں اس ایک حدیث کے بعد وہ نہیں دیکھے گئے۔

8542- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ أَخَذَتْهُ رِعْدَةٌ، فَقَالَ: نَحْوَ هَذَا أَوْ شِبْهَ هَذَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: پھران پر کپکپی طاری ہوگئی' فرمایا: اس جیسا یا اس کے مشابہ۔

8543- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ عَبْدِ

حضرت علقمہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہر جمعرات کی شام کھڑے ہوا کرتے تھے' میں نے ان میں سے کسی شام میں ان سے نہیں سنا کہ

الرَّحْمَنِ، ثنا الشَّعْبِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ يَقُومُ قَائِمًا كُلَّ عَشِيَّةِ خَمِيسٍ فَمَا سَمِعْتُهُ فِي عَشِيَّةٍ مِنْهَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَاحِدَةٍ، قَالَ: فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ مُعْتَمِدٌ عَلَى عَصًا، فَنَظَرْتُ إِلَى الْعَصَا يُزْعَزَعُ

فرمایا ہو: ''قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' سوائے ایک بار کے۔ راوی کا بیان ہے: میں نے ان کی طرف دیکھا اس حال میں کہ عصا پر ٹیک لگائے ہوئے ہیں، پس میں نے عصا کو دیکھا کہ وہ ہل رہا ہے۔

8544- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي حُصَيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ حَدَّثَ يَوْمًا، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُرْعِدَتْ ثِيَابُهُ، قَالَ: ذَا، أَوْ نَحْوَهُ، أَوْ شِبْهَ ذَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضرت مسروق سے روایت ہے کہ ایک دن اُنہوں نے حدیث بیان کی تو کہا: ''سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' کپکپی کے آثار ان کے کپڑوں سے محسوس کیے گئے۔ فرمایا: (ساتھ ہی) اس جیسا یا اسکے مشابہ۔

8545- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْأَعْرَجُ، ثنا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: رُبَّمَا حَدَّثَ حَدِيثًا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَتَلَوَّنُ وَيَتَغَيَّرُ لَوْنُهُ، وَيَقُولُ: هَذَا أَوْ قَرِيبٌ مِنْ هَذَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضرت مسروق سے روایت ہے، اُنہوں نے کہا: کم ہی کبھی اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے حدیث بیان کی تو ان کا ایک رنگ جاتا اور ایک رنگ آتا تھا، رنگ بدل جاتا تھا اور کہتے: یہ یا اس کے قریب۔

8546- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أُسَيْدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا أَبُو دَاوُدَ ثنا شَيْبَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: جَالَسْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت امام شعبی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں، ان کے چچا فرماتے ہیں: میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہم مجلس ہوا تو میں نے ان کو حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا کہ اُنہوں نے ''عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم'' کہا ہو، مگر ایک حدیث جو میں نے ان

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا حَدِيثًا سَمِعْتُهُ حَدَّثَهُ، ثُمَّ انْتَفَضَ انْتِفَاضَ السَّعَفَةِ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا أَوْ نَحْوَهُ

سے سنی' اُنہوں نے اس کو بیان کیا پھر پسینہ پونچھنے لگے' پھر فرمایا: یہ یا اس جیسی۔

8547- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّامِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَمِّهِ قَيْسِ بْنِ عَبْدٍ، قَالَ: لَقَدْ جَالَسْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ سَنَةً فَمَا سَمِعْتُهُ يَرْوِي عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا قَطُّ، غَيْرَ مَرَّةٍ وَاحِدَةٍ فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْتَفِضُ انْتِفَاضَ السَّعَفَةِ، ثُمَّ قَالَ: قَرِيبٌ مِنْ هَذَا، أَوْ نَحْوَ هَذَا

حضرت قیس بن عبد فرماتے ہیں: تحقیق میں پورا سال حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی مجلس کرتا رہا' پس میں نے رسول کریم ﷺ سے روایت کرتے ہوئے کوئی حدیث نہ سنی' کبھی بھی سوائے ایک بار کے۔ پس تحقیق میں نے ان کو پسینہ پونچھتے ہوئے دیکھا' پھر فرمایا: اس کے قریب یا اس جیسی۔

8548- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ حَيَّانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَمْكُثُ سَنَةً لَا يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِذَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَتْهُ رِعْدَةٌ، وَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ، قَالَ: كَذَا، أَوْ كَذَا، أَوْ كَذَا

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ پورا سال ٹھہرے رہے کہ وہ کہیں: ''قال رسول الله صلى الله عليه وسلم'' اور جب اُنہوں نے ''قال رسول الله صلى الله عليه وسلم'' کہا تو ان کے جسم پر کپکپی طاری ہوگئی اور ان کے چہرے کا رنگ بدل گیا' ساتھ ہی کہا: اس طرح یا اس طرح یا اس طرح۔

8549- حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ الدُّورِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ بَيَانٍ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ عَامِرٍ، وَذَكَرَ قَيْسًا، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يُحَدِّثُ الشَّهْرَ لَا يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى

حضرت عامر سے روایت ہے اور اُنہوں نے حضرت قیس کا بھی ذکر کیا' فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ پورا مہینہ حدیثیں بیان کرتے رہے لیکن ''سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم'' نہیں کہتے تھے' پس اُنہوں نے یہ کہا تو ساتھ ہی کہا: یہ یا اس جیسی یا اس

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَذَا، أَوْ نَحْوًا مِنْ هَذَا، أَوْ قَرِيبًا مِنْ هَذَا وَإِنَّهُ يُرْعَدُ

کے قریب اور وہ کانپ رہے تھے۔

بَابٌ

باب

8550- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الزَّعْرَاءِ، قَالَ: جَاءَ الْمُسَيَّبُ بْنُ نَجَبَةَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: إِنِّي تَرَكْتُ قَوْمًا بِالْمَسْجِدِ يَقُولُونَ: مَنْ سَبَّحَ كَذَا وَكَذَا فَلَهُ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: قُمْ يَا عَلْقَمَةُ فَلَمَّا رَآهُمْ، قَالَ: يَا عَلْقَمَةُ اشْغَلْ عَنِّي أَبْصَارَ الْقَوْمِ، فَلَمَّا سَمِعَهُمْ وَمَا يَقُولُونَ، قَالَ: إِنَّكُمْ لَمُتَمَسِّكُونَ بِذَنَبِ ضَلَالَةٍ، أَوَ إِنَّكُمْ لَأَهْدَى مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوزعراء فرماتے ہیں کہ حضرت مسیّب بن نجبہ' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' عرض کی: میں نے مسجد میں ایسے لوگ دیکھے ہیں جو کہتے ہیں کہ جس نے سبحان اللہ اس اس طرح پڑھی اُس کے لیے اتنا اتنا ثواب ہے۔ حضرت ابن مسعود نے فرمایا: اے علقمہ! اُٹھو! جب آپ نے ان کو دیکھا تو آپ نے فرمایا: اے علقمہ! مجھ سے لوگوں کی آنکھیں پھیر دو' جب آپ نے سنا جو کہتے تھے تو آپ نے فرمایا: تم نے گمراہی والے گناہ کو پکڑ لیا ہے' کیا تم رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کی ہدایت سے زیادہ ہدایت والے ہو۔

8551- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ بَيَانَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: ذُكِرَ لِابْنِ مَسْعُودٍ قَاصٌّ يَجْلِسُ بِاللَّيْلِ، وَيَقُولُ لِلنَّاسِ: قُولُوا كَذَا، فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَخْبِرُونِي، قَالَ: فَأَخْبَرُوهُ، فَجَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ مُتَقَنِّعًا، فَقَالَ: مَنْ عَرَفَنِي فَقَدْ عَرَفَنِي وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِي فَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، تَعْلَمُونَ أَنَّكُمْ لَأَهْدَى مِنْ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس قاص کا ذکر کیا گیا جو رات کو بیٹھتا اور لوگوں سے کہتا: اس طرح پڑھو! آپ نے فرمایا: جب تم اس کو دیکھو تو مجھے بتانا۔ پس آپ کو بتایا گیا تو حضرت عبداللہ اپنے آپ کو ڈھانپ کر آئے' آپ نے فرمایا: جس نے مجھے پہچانا اُس نے مجھے پہچان لیا' جس نے مجھے نہیں پہچانا تو میں عبداللہ بن مسعود ہوں' تم جانتے ہو کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہ کی ہدایت بہتر ہے' تم گمراہی

8551- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5408' وصححه الهيثمي في المجمع جلد1 صفحه 181 .

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ، أَوْ إِنَّكُمْ لَمُتَعَلِّقُونَ بِذَنَبِ ضَلَالَةٍ

والے گناہ پر عمل کرتے ہو۔

8552- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، أَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، قَالَ: بَلَغَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ أَنَّ قَوْمًا، يَقْعُدُونَ مِنَ الْمَغْرِبِ إِلَى الْعِشَاءِ يُسَبِّحُونَ يَقُولُونَ: قُولُوا كَذَا وَقُولُوا كَذَا، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنْ قَعَدُوا فَآذِنُونِي، فَلَمَّا جَلَسُوا أَتَوْهُ فَانْطَلَقَ فَدَخَلَ مَعَهُمْ فَجَلَسَ وَعَلَيْهِ بُرْنُسٌ، فَأَخَذُوا فِي تَسْبِيحِهِمْ فَحَسَرَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ رَأْسِهِ الْبُرْنُسَ، وَقَالَ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَسَكَتَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: لَقَدْ جِئْتُمْ بِبِدْعَةٍ ظَلْمَاءَ، أَوْ لَقَدْ فَضَلْتُمْ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِلْمًا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ: مَا جِئْنَا بِبِدْعَةٍ ظَلْمَاءَ، وَلَا فَضَلْنَا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِلْمًا، فَقَالَ عَمْرُو بْنُ عُتْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ: أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ يَا ابْنَ مَسْعُودٍ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَتَفَرَّقُوا، قَالَ: وَرَأَى ابْنُ مَسْعُودٍ حَلْقَتَيْنِ فِي مَسْجِدِ الْكُوفَةِ فَقَامَ مِنْهُمَا فَقَالَ: أَيَّتُكُمَا كَانَتْ قَبْلَ صَاحِبَتِهَا؟ قَالَتْ إِحْدَاهُمَا:

حضرت ابوبختری فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا کہ کچھ لوگ نماز مغرب سے لے کر عشاء تک بیٹھے رہتے تسبیح پڑھتے ہوئے' کہتے ہیں: اس طرح پڑھو! اس طرح پڑھو! حضرت عبداللہ نے فرمایا: اگر وہ بیٹھیں تو مجھے بتانا! جب وہ بیٹھے تو آپ ان کے پاس آئے' آپ چلے اور ان کے پاس آئے' ان کے پاس بیٹھے' آپ نے لمبی ٹوپی پہنی ہوئی تھی' پس وہ اپنی تسبیح میں لگے ہوئے تھے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے سر سے ٹوپی اُتاری اور فرمایا: میں عبداللہ بن مسعود ہوں' تو (یہ سن کر) لوگ خاموش ہو گئے۔ فرمایا: تم نے ظالم بدعت ایجاد کی ہے یا تم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ سے زیادہ علم والے ہو گئے ہو۔ بنو تمیم میں سے ایک آدمی نے کہا: نہ تو ہم سے کوئی ظالمانہ بدعت ایجاد کی ہے اور نہ ہم نے اصحاب محمد پر علم میں فضیلت پائی ہے۔ پس حضرت عمرو بن عتبہ بن فرقد نے کہا: استغفر اللہ واتوب الیہ! اے ابن مسعود! پس آپ نے فرمایا: بکھر جاؤ! راوی کا بیان ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے مسجد کوفہ میں دو حلقے دیکھے تو ان کو چھوڑ کر کھڑے ہو گئے' فرمایا: تم میں کون پہلے آئے ہیں؟ ان میں سے ایک حلقہ والوں نے کہا: ہم! دوسروں نے کہا: اُٹھو اور ایک ہو جاؤ!

8552- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 5409' قال في المجمع جلد 1 صفحه 181' وفيه عطاء بن السائب وهو ثقة ولكنه اختلط . وكتب بهامش المجمع ابن (أبو) البختري لم يسمع من ابن مسعود فالحديث منقطع .

نَحْنُ، فَقَالَ لِلْأُخْرَى: قُومَا إِلَيْهَا فَجَعَلَهُمْ وَاحِدَةً

8553- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، وَرُبَّمَا قَالَ: عَامِرٍ، قَالَ: دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَإِذَا هُوَ بِحَلْقَتَيْنِ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ: انْطَلِقْ وَانْظُرْ أَهَؤُلَاءِ جُلُوسًا قَبْلُ أَمْ هَؤُلَاءِ؟ فَجَاءَ فَقَالَ: هَؤُلَاءِ، فَقَالَ: إِنَّمَا يَكْفِي الْمَسْجِدَ مُحْدِثٌ وَاحِدٌ، فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِالتَّبَاغِي

حضرت عامر فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا تو وہاں دو حلقے دیکھے' آپ نے غلام سے فرمایا: جاؤ اور دیکھو! ان میں سے کون سا حلقہ پہلے قائم ہوا ہے؟ پس اس نے آ کر بتایا کہ یہ حلقہ والے۔ فرمایا: مسجد کو ایک بے وضو ہی کافی ہوتا ہے' تم سے پہلے لوگ' ایک دوسرے سے نفرت کرنے سے ہلاک ہوئے۔

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءَ، أَنَا زَائِدَةُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، قَالَ: ذُكِرَ لِعَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَجُلًا يُجْتَمَعُ إِلَيْهِ، وَذَكَرَ حَدِيثَ أَبِي نُعَيْمٍ

حضرت ابوبختری فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ہاں ذکر کیا گیا کہ ایک آدمی کے پاس لوگ جمع ہوتے ہیں' اس کے بعد ابونعیم والی حدیث ذکر کی۔

8554- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَّ عَطَاءَ بْنَ السَّائِبِ، أَخْبَرَهُمْ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: كَانَ عَمْرُو بْنُ عُتْبَةَ بْنِ فَرْقَدٍ السُّلَمِيُّ وَمُعَضَّدٌ فِي أُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِمَا اتَّخَذُوا مَسْجِدًا يُسَبِّحُونَ فِيهِ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ كَذَا، وَيُهَلِّلُونَ كَذَا وَيَحْمَدُونَ كَذَا، فَأُخْبِرَ بِذَلِكَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ لِلَّذِي أَخْبَرَهُ: إِذَا جَلَسُوا

حضرت ابوعبدالرحمٰن فرماتے ہیں: عمرو بن عقبہ بن فرقد سلمی اور معضد نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر مسجد کو یوں بنا لیا کہ مغرب اور عشاء کے درمیان وہاں بیٹھتے اور کہتے: تسبیح اس طرح کرو' تہلیل اس طرح کرو' حمد اس طرح کرو۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر دی گئی' پس جس نے آپ کو بتایا' آپ نے اس سے فرمایا: جب وہ بیٹھیں تو مجھے خبر دینا۔ جب وہ بیٹھے تو اس آدمی نے آپ کو خبر دی' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ آئے' یہاں تک کہ ان کے پاس بیٹھ گئے' آپ نے اپنے سر (اور منہ) سے ٹوپی ہٹا

فَآذِنِّي ، فَلَمَّا جَلَسُوا آذَنَهُ فَجَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بُرْنُسٌ حَتَّى دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَكَشَفَ الْبُرْنُسَ عَنْ رَأْسِهِ، ثُمَّ قَالَ: أَنَا ابْنُ أُمِّ عَبْدٍ، وَاللّٰهِ لَقَدْ جِئْتُمْ بِبِدْعَةٍ ظَلْمَاءَ ، أَوْ قَدْ فَضَلْتُمْ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِلْمًا ، فَقَالَ مُعَضَّدٌ، وَكَانَ رَجُلًا مُفَوَّهًا: وَاللّٰهِ مَا جِئْنَا بِبِدْعَةٍ ظَلْمَاءَ وَلَا فَضَلْنَا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لَئِنِ اتَّبَعْتُمُ الْقَوْمَ لَقَدْ سَبَقُوكُمْ سَبْقًا مُبِينًا، وَلَئِنْ جُرْتُمْ يَمِينًا وَشِمَالًا لَقَدْ ضَلَلْتُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا

کرفرمایا: میں اُم عبد کا بیٹا ہوں' قسم بخدا! تم ظالمانہ بدعت لائے ہو یا کیا تم اصحابِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علم میں زیادہ والے ہو۔ معضد نامی جو منہ پھٹ آدمی تھا' اس نے کہا: قسم بخدا! ہم کوئی ظالمانہ بدعت نہیں لائے اور نہ ہی ہم اصحابِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علم میں افضل ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم قوم کی اتباع کرو تو وہ تم سے کہیں آگے تھے اور اگر تم دائیں بائیں دوڑو تم نے کھلی گمراہی اختیار کی۔

8555- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَا تَمَلُّوا النَّاسَ فَيَمَلُّوا الذِّكْرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم لوگوں کو اکتاؤ نہیں' وہ ذکر سے اُکتا جائیں گے۔

8556- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، مَرَّ بِرَجُلٍ يُذَكِّرُ قَوْمًا، فَقَالَ: يَا مُذَكِّرُ لَا تُقَنِّطِ النَّاسَ

حضرت اعمش فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو لوگوں میں ذکر کر رہا تھا' آپ نے فرمایا: اے ذکر کرنے والے! لوگوں کو اُکتا نہ دینا۔

8557- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو النُّعْمَانِ عَارِمٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ

حضرت عمرو بن سعد فرماتے ہیں: ہم مغرب وعشاء کے درمیان حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے دروازے پر

8555- قال فی المجمع جلد 1 صفحہ 191' واسنادہ صحیح .

